**CRESCENT STAR INSURANCE LIMITED**
**NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING**

Notice is hereby given that the 69th Annual General Meeting of the shareholders of Crescent Star Insurance Limited will be held on April 30, 2026 at 9.00 a.m. at 2nd Floor, Nadir House I. I. Chundrigar Road, Karachi to transact the following business.

**ORDINARY BUSINESS:**

1. To confirm and approve the minutes of the 68th Annual General Meeting held on April 29, 2025.

2. To receive, consider and adopt the audited financial statements of the Company for the year ended December 31, 2025 together with the Chairman's review, Directors' and Auditors' reports thereon.

   As required under Section 223(6) of the Companies Act, 2017 (the "Act"), Financial Statements of the Company have been uploaded on the website of the Company, which can be downloaded from the following link and/or QR enabled code:

   http://cstarinsurance.com/Investor-Information/Financial-Statements

3. To appoint Auditors for the year ending December 31, 2026 and fix their remuneration.

4. To elect eight (8) directors as fixed by the Board of Directors, in accordance with the provision of Section 159 (1) of the Companies Act, 2017 for a term of three years in place of the following retiring directors, who are eligible for re-election:

   1. Mr. Naim Anwar
   2. Mr. Suhail Elahi
   3. Mr. Shaikh Waqar Ahmed
   4. Mr. Rashid Malik
   5. Ms. Naveeda Mahmud
   6. Ms. Huma Javaid
   7. Ms. Rabia Omar Hassan
   8. Ms. Komal Sajid Lodhi

5. Other Business
   To transact any other business that may be placed before the meeting with the permission of the Chair.

By order of the Board

Malik Mehdi Muhammad
CFO / Company Secretary

Karachi: April 3, 2026

**NOTES:**

1. Book Closure: The Register of Members and Share Transfer Books of the Company will remain closed from April 24, 2026 to April 30, 2026 (both days inclusive) and no transfer of shares will be accepted for registration during this period. Transfers received in order at the office of our Share Registrar M/s F. D. Registrar Services (SMC-Pvt.) Limited 17th Floor, Saima Trade Tower-A, I. I. Chundrigar Road Karachi at the close of business hours April 23, 2026 will be treated in time for the purpose of transfer of shares and voting rights at the AGM.

2. All members are entitled to attend and vote at the meeting. A member entitled to attend and vote at the meeting is also entitled to appoint another member of the Company as his / her proxy to attend, speak and vote for him / her. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature

shall be submitted to the Company. A proxy must be a member of the Company. A member shall not be entitled to appoint more than one proxy to attend any one meeting. The instrument of proxy duly executed should be lodged at the Karachi Office of the Company not later than 48 hours before the time of the meeting. The form of proxy must be witnessed with the addresses and CNIC numbers of witnesses, certified copies of CNIC of member and the proxy member must be attached and the revenue stamp should be affixed and defaced on the form of proxy. Proxy Form in English and Urdu languages is available on company website www.cstarinsurance.com

3. The members are advised to bring their ORIGINAL Computerized National Identity Card (CNIC) and those members who have deposited their shares in Central Depository System should also be cognizant of their CDC Participant ID and Account Number at the meeting venue. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of the meeting.

4. Members who have not yet submitted photocopy of their Computerized National Identity Cards to the Registrar of the Company are requested to send the same at the earliest.

5. Shareholders are requested to notify to the Company's Share Registrar immediately of any change in their addresses.

6. The Company has arranged for participation of members in general meeting through electronic means (i.e., video-link, webinar, zooming etc.). In this regard, the interested shareholders can request by providing the relevant information (i.e. Name of the Shareholder, CNIC Number, Folio / CDC Account Number, Cell Number, Email Address etc.) to the Company Secretary at least 48 hours before the time of AGM at Email Address: info@cstarinsurance.com

7. Any person who seeks to contest the election to the office of a Director, whether he/she is a retiring director or otherwise, shall file required documents under section 159 of the Companies Act 2017, Section 12 of Insurance Ordinance 2000, Companies (General Provisions and Forms) Regulations 2018, Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and the eligibility criteria, as set out in Section 153 of the Companies Act, 2017 to act as director or an independent director of a listed Company with the Company Secretary, at the Registered Office of the Company, situated at 2nd Floor, Nadir House, I. I. Chundrigar Road, Karachi, 14 days before the date of the Annual General Meeting:

   The final list of contesting Directors will be circulated not later than seven days before the date of said meeting, in terms of Section 159(4) of the Companies Act, 2017. Further, the website of the Company will also be updated with the required information.

8. It is hereby notified that pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 and its amendments notified vide SRO 2192(1)/2022 dated December 5, 2022, members will be allowed to exercise their right to vote for election of directors at the AGM, in accordance with the conditions mentioned in the aforesaid Regulations. The Company shall provide its members with the following options for voting:

   i) E-Voting Procedure

   (a) Details of the e-voting facility will be shared through an email with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and email addresses available in the register of members of the Company within due course.

   (b) The web address: login details, will be communicated to members via email.

   (c) Identity of the members intending to cast vote through E-voting shall be authenticated through authenticated login.

(d) E-Voting lines will start from April 25, 2026 9:30 am and shall close on April 29, 2026 at 5 p.m. Members can cast their votes any time in the period.

ii) Postal Ballot
For voting through Postal Ballot members may exercise their right to vote as per provisions of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 subject to the requirement of Section 143 to 145 of the Companies Act, 2017. Further details in this regard will be communicated to the shareholders within the legal time frame as stipulated under these said Regulations, if required.

The members shall ensure that duly filed and signed ballot paper along with copy of CNIC should reach the Chairman of the meeting through post on the Company's registered office one day before the AGM i.e. April 29, 2026 during the working hours. The signature on the ballot paper shall match with the signature on CNIC or Company records.

9. In accordance with the applicable law mentioned above, M/S. DCCL (Private) Limited have been appointed as the e-voting service provider and M/s S.M Sohail & Co., Chartered Accountants, have been appointed as scrutinizer to monitor and validate voting for election of directors.

10. Members have the option to receive Annual Audited Financial Statements and Notice of General Meeting through email. Members can give their consent in this regard on prescribed format to the Shares Registrar. The Audited Accounts of the Company for the year ended December 31, 2025 are also available on the Company's website www.cstarinsurance.com.

11. In accordance with the directive issued by the SECP vide it is S.R.O. 452(I)/2025 dated March 17, 2025 the Company would like to inform all the shareholder that no gifts will be distributed at the meeting.

12. Form of Proxy is enclosed.

# کریسنٹ سٹار انشورنس لمیٹڈ

Your Security - Our Policy

## اطلاع سالانہ عام اجلاس

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کریسنٹ سٹار انشورنس لمیٹڈ کے حصص داران کا 69واں سالانہ عام اجلاس بمقام دوسری منزل، نادر ہاؤس آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے 30اپریل 2026ء کو صبح 9:00 بجے منعقد ہوگا۔

عام امور:

1۔ 29اپریل 2025ء کو منعقدہ 68ویں سالانہ عام اجلاس کی کارروائی کی توثیق اور منظوری دینا۔

2۔ 31 دسمبر 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے نظرثانی شدہ مالی گوشوارے معہ ان پر چیئرمین کا جائزہ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، غوروخوض اور منظوری دینا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کی دفعہ (6)223 کے تحت مطلوبہ، کمپنی کے مالی گوشوارے کمپنی کے ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردیئے گئے ہیں، درج ذیل لنک اور/یا کیو آر فعال کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں:

http://cstarinsurance.com/Investor-Information/Financial-Statements

3۔ 31دسمبر 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرہ کا تعین کرنا۔

4۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (1)159 کی پروویژنز کے مطابق، تین سالوں کی مدت کیلئے مندرجہ ذیل ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کی جگہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے مقرر کردہ آٹھ (8) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا، جو دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں۔

1۔ جناب نعیم انور　2۔ جناب سہیل الٰہی　3۔ جناب شیخ وقار احمد　4۔ جناب راشد ملک

5۔ محترمہ نویدہ محمود　6۔ محترمہ ہما جاوید　7۔ محترمہ رابعہ عمر حسن　8۔ محترمہ کومل ساجد لودھی

5۔ کوئی دیگر امور:

صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امر پر کارروائی کرنا جو اجلاس کے رُبرو رکھے جاسکیں۔

بحکم بورڈ

کراچی:　ملک مہدی محمد

3اپریل 2026ء　سی ایف او/ کمپنی سیکرٹری

**نوٹ:**

1۔ کتابوں کی بندش

کمپنی کے ارکان کا رجسٹر اور حصص منتقلی کتابیں 24اپریل 2026 تا 30اپریل 2026ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی اور اس مدت کے دوران حصص کی کوئی منتقلی رجسٹریشن کے لئے قابل قبول نہیں ہوگی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار کے دفتر، میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (SMC-Pvt) لمیٹڈ، 17th فلور، صائمہ ٹریڈ ٹاور A، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں 23اپریل 2026ء کو کاروبار کے اختتام تک وصول ہونے والی منتقلیاں حصص کی منتقلی اور AGM میں حقِ رائے دہی کے مقصد کے لئے بروقت تصور ہونگی۔

2۔ تمام ارکان اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل ہیں۔ اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل رکن اجلاس میں اپنی جانب سے شرکت، تقریر اور ووٹ دینے کیلئے کسی دیگر شخص کو اپنا/ اپنی پراکسی مقرر کرنے کا بھی اہل ہے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نمونہ دستخط کمپنی کو جمع کروانا ہوگا۔ پراکسی لازماً کمپنی کا ممبر ہونا چاہیے۔ کوئی بھی ممبر اجلاس کے لیے ایک سے زائد پراکسی مقرر کرنے کا مجاز نہیں ہوگا۔ پراکسی کا باقاعدہ طور پر مکمل شدہ فارم اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے کراچی دفتر میں جمع کروانا ضروری ہے۔ پراکسی فارم پر گواہوں کے پتے اور CNIC نمبرز کے ساتھ تصدیق ہونی چاہیے، جبکہ ممبر اور پراکسی ممبر کے CNIC کی تصدیق شدہ نقول منسلک ہونی چاہئیں، اور پراکسی فارم پر ریونیو اسٹیمپ چسپاں اور منسوخ شدہ ہونا چاہیے۔ پراکسی فارم انگریزی اور اردو زبان میں کمپنی کی ویب سائٹ www.cstarinsurance.com پر دستیاب ہے۔

3۔ اراکین کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) ساتھ لائیں، اور وہ اراکین جنہوں نے اپنے شیئرز سینٹرل ڈیپازٹری سسٹم میں جمع کروائے ہیں، وہ اپنے CDC پارٹیسپنٹ آئی ڈی اور اکاؤنٹ نمبر سے بھی آگاہ ہوں۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد نمائندے کے نمونہ دستخط اجلاس کے وقت پیش کیے جائیں گے۔

4۔ وہ اراکین جنہوں نے ابھی تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کمپنی کے رجسٹرار کو جمع نہیں کروائی، ان سے گزارش ہے کہ جلد از جلد فراہم کریں۔

5۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتہ میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

6۔ کمپنی نے عام اجلاس میں اراکین کی الیکٹرانک ذرائع (مثلاً ویڈیو لنک، ویبینار، زوم وغیرہ) کے ذریعے شرکت کا انتظام کیا ہے۔ اس سلسلے میں، دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی سیکرٹری کو ای میل ایڈریس info@cstarinsurance.com کے ذریعے اپنی متعلقہ معلومات (جیسے کہ نام، CNIC نمبر، فولیو نمبر/ CDC اکاؤنٹ نمبر، موبائل نمبر، ای میل ایڈریس وغیرہ) فراہم کرکے درخواست دے سکتے ہیں۔

7۔ کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹر کے عہدے کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہو، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور، وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159، انشورنس آرڈیننس 2000 کے سیکشن 12، کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز 2018، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019، اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 153 کے تحت مقرر کردہ اہلیت کے معیار کے مطابق مطلوبہ دستاویزات کمپنی سیکرٹری کے ہاں، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بواقع سیکنڈ فلور، نادر ہاؤس، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں، سالانہ عام اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 14 دن قبل جمع کروائے گا:

اُمیدواران ڈائریکٹرز کی حتمی فہرست مذکورہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات دن قبل کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (4)159 کے مطابق جاری کی جائے گی۔ مزید برآں، کمپنی کی ویب سائٹ کو بھی مطلوبہ معلومات کے ساتھ اپڈیٹ کیا جائے گا۔

8۔ بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 اور اس میں ترمیم بذریعہ SRO 2192(1)/2022 مورخہ 5 دسمبر 2022 کے تحت، ممبران کو مذکورہ بالا ریگولیشنز میں بیان کردہ شرائط کے مطابق AGM میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ کمپنی اپنے ممبران کو ووٹنگ کے لیے درج ذیل سہولیات فراہم کرے گی:

i)۔ ای ووٹنگ کا طریقہ کار

(a)۔ ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات ان ممبران کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے درست CNIC نمبرز، موبائل نمبرز اور ای میل ایڈریس کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں موجود ہوں گے۔

(b)۔ ویب ایڈریس اور لاگ اِن کی تفصیلات ممبران کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔

(c)۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے خواہشمند ممبران کی شناخت مستند لاگ اِن کے ذریعے تصدیق کی جائے گی۔

(d)۔ ای ووٹنگ کا آغاز 25اپریل 2026 کو صبح 9:30 بجے ہوگا اور 29اپریل 2026 کو شام 5:00 بجے تک جاری رہے گا۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کرسکتے ہیں۔

ii)۔ پوسٹل بیلٹ

پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کے لیے ممبران کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی دفعات کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 تا 145 کی شرائط کے تابع، اپنے ووٹ کا حق استعمال کرسکتے ہیں۔ اس سلسلے میں مزید تفصیلات، اگر ضروری ہوئیں، تو مذکورہ ریگولیشنز کے تحت مقررہ قانونی مدت کے اندر شیئر ہولڈرز کو فراہم کردی جائیں گی۔

ممبران اس بات کو یقینی بنائیں کہ باقاعدہ طور پر مکمل اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بمعہ CNIC کی نقل، اجلاس کے چیئرمین کو بذریعہ ڈاک کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر پر AGM سے ایک دن قبل یعنی 29اپریل 2026 کو دفتری اوقات کے دوران موصول ہوجائے۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC یا کمپنی کے ریکارڈ میں موجود دستخط سے مطابقت رکھنے چاہئیں۔

9۔ مذکورہ بالا قابل اطلاق قوانین کے مطابق، میسرز DCCL (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ مقرر کیا گیا ہے جبکہ میسرز ایس ایم سہیل اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے ووٹنگ کی نگرانی اور توثیق کے لیے اسکروٹینائزر مقرر کیا گیا ہے۔

10۔ ممبران کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ سالانہ نظرثانی شدہ مالیاتی گوشوارے اور عام اجلاس کا نوٹس ای میل کے ذریعے وصول کریں۔ اس مقصد کے لیے ممبران مقررہ فارم پر اپنی رضامندی شیئرز رجسٹرار کو فراہم کرسکتے ہیں۔ 31دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے نظرثانی شدہ اکاؤنٹس کمپنی کی ویب سائٹ www.cstarinsurance.com پر بھی دستیاب ہیں۔

11۔ SECP کی جانب سے جاری کردہ ہدایت نامہ بروئے S.R.O. 452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025 کے مطابق، کمپنی تمام شیئر ہولڈرز کو مطلع کرنا چاہتی ہے کہ اجلاس میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

12۔ پراکسی فارم منسلک ہے۔